राजप्रमुखांनी आपल्या भाषणांत असा अुल्लेख केला आहे कीं या वर्षी जनतेला थोडा कराचा बोजा सहन करावा लागेल. आम्हाला जनतेवर वाटेल तसे कर बसवण्यापूर्वी हा विचार करणे जरूरी आहे की जनतेची शक्ति कर देण्याची आहे काय ? आम्ही असे निश्चितपणें सांगतो कीं जनतेची क्रयशक्ति घटली आहे. ते आतां पुढे कर देअू शकणार नाहींत. हे आमचे गाऱ्हाणे अैकून घ्यायला मात्र मंत्र्यांनी हजर राहूं नये.

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :- آپ اپنے پوائینٹس (Points) پر کہئے

श्री. वामनराव देशमुख :—राजप्रमुखांनी आपल्या भाषणांत सांगितले होते कीं या नवीन कुळ कायद्याप्रमाणें ६,१२,४४५ कुळांना फायदा होअील. त्यांना जमीन मिळेल, आणि हा कायदा म्हणजे कुळ कायद्याच्या अितिहासांतील अेक महान प्रयोग आहे. पण मला सांगावयाचे आहे कीं काश्मीर सरकारने जसा कायदा केला त्याच्या विरूद्ध हा कायदा आहे.

काश्मीरमध्यें जमीनदारी बिनामोबदला नष्ट केली आहे, राजप्रमुख आपल्या भाषणांत म्हणतात की हैदराबादचा कुळकायदा हा अितिहासांतील अेक महान प्रयोग आहे. काश्मीर प्रमाणें काय आपण येथें कायदा करूं शकत नव्हता, असे म्हटले तर, आम्हांला सांगतात कीं घटनें प्रमाणें तसें करता येत नाही. काय काश्मीरचा प्रदेश हिंदुस्थानांत नाहीं ? मुख्यमंत्री सांगतात कीं आम्ही जो कायदा आणला होता तो नियोजन मंडळाच्या सल्या प्रमाणें आणला होता. नियोजन मंडळाच्या तत्वाप्रमाणेंच कोणालाहि ३ फ्यामिली होल्डींग पेक्षां अधिक जमीन असूं नये असे असतांना आमच्या मुख्य मंत्र्यांनी निश्चितपणें मोठमोठ्या जमीनदारांचा फायदा होअील अशा तरतूदी या कायद्यांत करून ठेवल्या आहेत.

तसेच राजप्रमुखांनी आपल्या भाषणांत असेहि सांगितले आहे कीं, ग्रामपंचायतींना साऱ्याच्या साडेपंधरा टक्के अितकी ठरलेली रक्कम आम्ही कांहीं कारणास्तव देअूं शकलो नाहीं. पण या पुढे त्यांना पूर्ण रक्कम देअूं; व ही रक्कम वाढवूं पण आतांच श्री. व्ही डी. देशपांडे ह्यांनी सांगितल्या-प्रमाणें येथें दोन तीन दिवसापूर्वी अेक स्थानिक स्वराज्य संस्थांच्या अध्यक्षांची परिषद भरली होती. त्या परिषदेंत बहुतेक सर्व ठिकाणचे अध्यक्ष हजर होतें. नांदेड म्युनिसिपालिटीचे अध्यक्ष श्री. शंकरराव चव्हाण यांनी सांगितले की जोपर्यंत जनतेला आम्ही नवीन कामें करून दाखवणार नाही तोपर्यंत नवीन कर जनतेवर लादणे चूक ठरेल. तसेच सिकंदराबाद आणि हैदराबाद कॉरपोरेशनचे अध्यक्षहि हजर होते. त्यांनीहि असे सांगितले म्हणतात की " तुम्ही आम्हाला नवीन कर बसवायला

सांगता पण आम्ही जो पर्यंत जनतेच्या हिताची व जनतेच्या अिच्छे प्रमाणे कामें करून दाखवणार नाहीं तो पर्यंत आम्ही त्यांच्यावर कर कसे वाढवूं शकतो ? ” म्हणजे अजून पर्यंत जनतेच्या हिताची व अुपयोगाचीं कामें होअू शकली नाहींत हे यावरून सिद्ध होते. जोपर्यंत आम्ही या संस्थाना पुरेसे पैसे देणार नाहीं व नवीन कामे करून जनतेच्या सुखसोयी करणार नाहीं तोपर्यंत कर वाढअूं नयेत. मंबअी प्रांतांतील सरकारने जशी स्थानिक स्वराज्य संस्थांना मदत केली तशी आर्थिक मदत केल्याशिवाय स्थानिक संस्थांची प्रगति होणार नाहीं.

आम्ही निरनिराळ्या कमेटया नियुक्त करतो आणि जनतेचा पैसा खर्च करतो. पण ह्यां कमेटयांच्या शिफारसी मात्र अमलांत आणत नाहीं. अॅन्टी करप्शन कमेटी, वगैरे कमेटया नियुक्त केल्या होत्या. पण त्यांनी सुचविलेले अुपाय मात्र सरकारने अजून अमलांत आणले नाहींत. आज प्रत्येक डिपार्टमेंट मध्यें करप्शन आहे, आणि ते वरिष्ट अधिकाऱ्यांच्या व मंत्र्यांच्या नजरेस आणून दिले तरी त्याकडे ते लक्ष देत नाहीत. करप्शन करणाऱ्या अधिकाऱ्यांचें काहीहि होत नाही. नांदेड जिल्ह्यांतील हस्तक नांवाच्या सब-अिन्सपेक्टर च्या विरूद्ध कितीतरी तक्रारी केल्या आहेत. विरोधी पक्षांच्या सभासदांनीच तक्रारी केल्या असे नाहीं तर सत्ता रूढ पक्षाच्या सभासदांनी सुद्धा त्याचे विरुद्ध तक्रारी केल्या आहेत. पण त्याचे कांहीं झाले नाहीं. पूर्वी जसे हे अधिकारी निजाम साहेबांचे पाहुणे समजले जात होते, तसेच आजहि ते श्री बिंद्रू साहेबांचे पाहुणे आहेत कीं काय कळत नाहीं. तसेच मोमिनाबाद येथील डी. वाय्. अेस. पी. श्री. अभ्यंकर हाहि त्यांचा पाहुणा आहे कीं काय कोण जाणे. कारण त्यानी पंधरा तोळे सोन्यांचा चपलहार मोमिनाबादेतील लोखंडी सावरगावकर देशमुख यांचेकडून मागितला. त्याच्या विरुद्ध कित्येक अर्ज आले तरी त्याचे कांहीं झाले नाहीं.

सुशिक्षितांची बेकारी कमी करण्यांसंबंधी आम्हाला मोठ्या अभिमानाने सांगतात कीं आम्ही अेक शिक्षकाच्या १५०० शाळा स्थापन केल्या पण त्या शिक्षकांना पगार काय तर ३० रुपये महिना. या महगाअीच्या काळांत तो आपले जीवन कसे कंठणार ? मला असे वाटते कीं अेखाद्या मंत्र्यांच्या घरच्या कुत्र्याचा साबणाचा व दुधाचा खर्चहि या ३० रुपयाहून जास्त असेल. अितका कमी पगार त्या शिक्षकांना देण्यांत येतो. आणि त्या शाळांची परिस्थिती तरी काय आहे ? आतांच माझ्या पूर्वीच्या वक्त्यांनीं सांगितल्याप्रमाणे कोठे कोठे १०० ते १२५ मुले असतात तर अेकच शिक्षक असतो, आणि कोठे कोठे १०, १५ मुलें असतात तेथेही अेकच शिक्षक असतो अशा शाळा स्थापन करून शिक्षणाची काय सोय होणार आहे हे निदान मला तरी कांहीं कळत नाहीं.

तसेच राजप्रमुखांच्या भाषणांत मराठवाड्याचाहि अुल्लेख आहे आणि म्हटले आहे कीं तेथील दुष्काळी परिस्थिती निवारण्यासाठीं १० लक्ष रुपये चीफ मिनिस्टर साहेबांच्या विनंतीवरून देणगी म्हणून दिले होते. पण मी चीफ मिनिस्टर साहेबांना विचारतो कीं त्यापैकीं किती रुपये तुम्ही मराठवाड्यांत खर्च केले? पैसे असूनहि मराठवाड्याला तुम्ही खर्च करीत नाही. सवतीच्या लेकराप्रमाणें वागविले जाते . मराठवाड्यावर फार मोठा अन्याय करण्यांत येत आहे हे पाहून खरोखरीच संताप आल्याशिवाय राहात नाहीं. पुन्हा तुम्ही आम्हाला अनपार्लमेंटरी बोलता असे म्हणता. तुम्ही करता व आम्ही फक्त बोलतो. मात्र तुमच्या गोष्टी अैकून अंतःकरण पिळवटल्या शिवाय राहात नाही. राजप्रमुखांचे भाषण म्हणजे अुपाशी जनतेपुढे वाचलेली गीता आहे.

राजप्रमुखांच्या आभार.प्रदर्शक ठरावाबद्दल माझे जे विचार होते ते मी सभागृहापुढे मांडले आहेत. अितके बोलून मी आपली रजा घेतो.

* **شری جی - سری راملو** (منتھنی) مسٹر اسپیکر سر - جیسا کہ راج پرمکھ نے اپنے اڈریس (Address) میں بتایا :

"It is a privilege to welcome all of you for the third time."
اوسی طریقہ سے میں بھی اس کا جواب دینے کا تیسری دفعہ شرف حاصل کررھا ہوں - مگر اس دفعہ اڈریس پر جو تھینکس (Thanks) کا موشن آیا اوس پر امنڈمنٹ دینے سے پہلے اور اس اسمبلی میں آنے سے پہلے ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ گزشتہ میں تین مرتبہ واک آوٹ (Walk out) ہونے کے بعد راج پرمکھ کو جو " حکیم السیاست ،، مانے جاتے ھیں سنہ ۱۹۵۴ ع کے سشن میں اڈریس دینے کی ضرورت نہ پڑے گی اور نہ ہم کو اوس پر تنقید کرنے کی ضرورت پڑے گی بلکہ اون کی بجائے کوئی دوسرے یا کم از کم وہ اپنے بڑے لڑکے کے حق میں دست بردار ھوجائیں گے تو وہ تشریف لائینگے - مگر اس مرتبہ بھی انہوں نے ھی اڈریس کیا اور گورنمنٹ کی پالیسی کو اون ھی کی زبان سے ہم نے سنا اور گزشتہ سشنس میں جس طرح موشن آف تھینک پر کریٹیسیزم (Criticism) کرنا پڑا اس مرتبہ بھی کرنا پڑا - اور اس طرح عوام کے سنٹی منٹس (Sentiments) کو پیش نظر نہیں رکھا گیا - اس طرف سے چار پانچ مرتبہ واک آوٹس کئے گئے لیکن اس طرف کے ممبرس واک اوٹ نہ کرکے بیٹھے ہوئے رہے لیکن - انہوں نے اپنے دلوں میں تو واک آوٹ کیا - وہ اگرچیکہ شاریرک درشٹی (शारीरिक दृष्टी) سے جسمانی طور پر تو یہاں بیٹھے ہوئے ھیں لیکن اون کا ضمیر تو واک اوٹ کیا ھے - یہ ھمارا نظریہ ھے اگر عوام کے رجحانات کے موافق راج پرمکھ کا اڈریس ھوتا تو اس طریقہ سے شدید مذمت کا سامنا کرنا نہ پڑتا - لیکن وھی حالت اس حکومت کے زیر سایہ برقرار ھے - آگے چل کر راج پرمکھ کے اڈریس میں جو باتیں بتائی گئی ھیں وہ ایسی ھیں جیسا کہ ایک سکریٹری اپنے ڈپارٹمنٹ کی رپورٹ پیش کرتا ھے - ہم یہ محسوس کررہے تھے کہ اس سال ہم کو اس اڈریس میں شاندار چیزیں - نشین بلڈ نگ اکٹیویٹیز (Nation-building activities) کی باتیں اور معاشی حالت کو بہتر بنانے کی باتیں نظر آئینگی - ہم اس کا آؤبھگت کریں گے - اس کا استقبال کریں گے - اور اس سلسلہ میں کوآپریشن کے لئے ھاتھ بڑھائینگے - لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ پچھلے سال جتنی بھی کارروائیاں اسمبلی میں ھوئیں اور جتنی کڑی تنقیدیں حکومت پر ھوئیں اوس کو مد نظر رکھتے ہوئے پھر ویسی ھی تنقیدوں کی دعوت دیجارھی ھے - اس کے سوا اس اڈریس میں کچھ نہیں ھے - اگر اڈریس میں آئندہ کے کارنامے اور موثر اقدامات جو حکومت کرنے والی ھے انہیں بتا یا جاتا تو اچھا ھوتا - اس لئے جیسا کہ آنریبل لیڈر آف دی یو - پی - نے صحیح کہا یہ اڈریس ایک رپورٹ ھے - اور حکومت نے جو خاکہ کھینچا ھے اور جو لیجسلیشن کیا ھے اوس کا تھوڑا بہت نقشہ ھے - سنسیریٹی (Sincerity) اوس وقت سمجھی جاتی جب کہ راج پرمکھ یا

دیش کے پریسیڈنٹ صاف طور پر اپنی کوتاهیوں اور نااهلیت کا ٹھیک اسپرٹ میں جائزہ لینے - اور اپنی کمزوریوں کو بتاتے کہ اس کی وجہ سے حکومت آگے نہ بڑھ سکی - یہ الفاظ استعمال کئے جاتے تو اچھا هوتا کہ هم جو بڑے بڑے کارنامے کرنے والے هیں اس کے بارے میں هم اپوزیشن اور دوسری پارٹیوں کا تعاون چاهتے هیں - لیکن جن چیزوں پر هم نے تنقید کی ان کو پھر پیش کیا جا رہا ہے - جو لاشیں زمین دوز کردی گئی تھیں - اون کو کھود کر پھر همارے سامنے پیش کیا جا رہا ہے - جو بے سود ہے - اور جو اب تک هی عوام کی نظروں میں دماغوں میں اور دلوں میں آچکا ہے - راج پرمکھ نے قولداری قانون کے سلسلے میں صفحہ (۱) میں اس طرح سے بیان کیا ہے کہ قولداری قانون ”زمین جوتنے والے کو“ دینے کا ایک اچھا نمونہ ہے - اگر راج پرمکھ کو همارے اجلاس کی کارروائیوں میں بیٹھنا نصیب هوتا تو اون کو معلوم هوتا کہ کیسے زبردست اور معرکتہ الآرا مباحث سے اس ٹیننسی بل کو گزرنا پڑا - دراصل سنسیر ویوز (Sincere views) کے باوجود میجاریٹی کے بل پر اس بل کو پاس کرالیا گیا - هم نے قولداروں کی رهی سهی زمینات چھن جانے کے مسئلہ میں اور جن کو سرٹیفیکیٹس ملے هیں ان کے کالعدم هوجانے کے سلسلہ میں برسر اقتدار وزراء کی آنکھیں کھولنے میں کامیاب هوئے - وہ مباحث اگر راج پرمکھ سنتے تو یہ الفاظ نہ دهراتے - ”جوتنے والے کو زمین“ یہ دهوکہ کی ٹی ہے - جیسا کہ آنریبل لیڈر یو - پی - پی نے کہا اس قسم کا مغالطہ پیدا کرنے سے عوام دهوکہ کھانے والے نہیں هیں - ٹیننسی بل ۳۱ - جنوری سنہ ۱۹۵۴ ع کو راشٹرپتی کی منظوری حاصل کرچکا ہے - اور کہا جا رہا ہے کہ اس کا امپلیمنیٹشن (Implementation) جلد هی هونے والا ہے - لیکن اس کا امپلیمنیٹشن هونے سے پہلے هی میں یہ واضح کردینا چاهتا هوں کہ صرف میرے ایک تعلقہ میں بہت سی بیدخلیوں کی نوٹسیں دی گئیں جس کے منی جات تحصیلدار کو دئے گئے هیں - نہیں معلوم دیگر تعلقوں میں کتنی ایسی هزاروں نوٹسیں دفعہ (۴۴) کے تحت آچکی هیں - اس لئے ”زمین جوتنے والی کی“ اور ”هل کھینچنے والے کا“ جو قانون امپلیمنٹ کررہے هیں وہ دهوکہ پیدا کرنے والے الفاظ هیں ایسے الفاظ استعمال کرنے کی بجائے صحیح صحیح طور پر اس کا جو اثر هونے والا ہے اوس کو قبول کرایا جاتا تو اچھا تھا - یہ بھی کہا گیا کہ ٹیننسی کا قابل مباحث مسئلہ حل هوگیا اور :

"The controversy is now over, and I request co-operation from all parties."

یہ الفاظ راج پرمکھ کے هیں - میں یہ سمجھنے سے قاصر هوں کہ اتنا بڑا مسئلہ اتنا جلد کیسے ان کنٹروورشیل (Non-controversial) بن گیا - جہاں تک اوس کے امپلیمنٹیشن کا تعلق ہے اور جہاں تک کسانوں کی بھلائی اور اون کے اکسپلائیٹیشن کو روکنے کا تعلق ہے ضرور هماری طرف سے کوآپریشن هوگا - ٹیننسی بل کو کامیاب بنانے میں هم عہدہ داروں سے تعاون کریں گے - لیکن یہ الفاظ جو لکھے گئے هیں کہ لینڈ ریفارمس کا مسئلہ

حل ہو گیا اور وہ نان کنٹروورشیل ہو گیا ہے ناموزوں ہیں - میں اس کو قبول کرنے تیار نہیں ہوں -

فوڈ (Food) کے بارے میں راج پرمکھ نے کہا کہ اس سلسلہ میں ہمارا دیش سلف سفیشنسی (Self-sufficiency) کی جانب بڑھ رہا ہے - لیکن آج حکومت کو یہ اچھی طرح معلوم ہے کہ پہلے زمانہ میں جس طرح ہنٹر لگا کر لیوی وصول کی جاتی تھی ویسی طرح آج بھی ہو رہا ہے - اور گودام بھرے جا رہے ہیں - آنریبل منسٹر فار اگریکلچر کو آج بھی وہی طریقے اختیار کرنے پڑ رہے ہیں - بڑے بڑے لوگوں کو تو اس سے چھٹکارا مل رہا ہے لیکن چھوٹے لوگوں سے یہ لیوی وصول کی جا رہی ہے - اور گودام بھرے جا رہے ہیں - پہلے کسانوں سے فی کس (۱۰) روپیہ کی حد تک معاف کرنے کے متعلق کہا گیا تھا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آج بھی مقطعہ دار شکمیداروں اور قولداروں سے باضابطہ طور پر وصول کر رہے ہیں - اس کے متعلق ہم نے کمپلنٹ (Complaint) بھی کی لیکن تحقیقات نہیں کی جاتی - کلکٹر کے پاس سے تحصیلداروں کے نام ایک سرکیولر آیا ہے کہ !

"Your quota has not been completed, and if it is not completed by such and such date."

اس وقت تحصیلدار اگر چیکہ پرچیز سسٹم (Purchase system) پر خرید رہے ہیں پر چیز کی رقم کچھ زیادہ ہوتی ہے لیکن فی الواقعی بھولے بھٹکے کسانوں کو پرچیز کا ریٹ (Rate) نہیں دیا جا رہا ہے بلکہ وہی لیوی کا ریٹ دیا جا رہا ہے - اس لئے لیوی اور پرچیز میں کوئی فرق نہیں رہا - منسٹر صاحب اگریکلچر کو تو اب ایک ڈپٹی منسٹر بھی مل گئے ہیں - اون کو ایک الگ کار بھی دی گئی ہے - پٹرول کا خرچہ بھی اون کو نہیں کرنا پڑتا - اون کو چاہیئے کہ وہ جا کر اس کی تحقیقات کریں -

اس طرح لیوی کے بارے میں سلف سفیشنسی (Self-sufficiency) نہیں ہے - گوداموں میں ویسٹیج (Wastage) اور لیکیج (Leakage) ہو رہا ہے - لیکیج اور ویسٹیج میں دو کروڑ روپیہ کا نقصان آیا - کروڑھا روپیہ کا نقصان ہوا ہے کہکر بتانے کے لئے ساڑھے بارہ سو روپیہ کے منسٹرس اور سات سو روپیہ کے ڈپٹی منسٹرس کو ہم نے رکھ لیا ہے - اس طرح کروڑھا روپیہ کے نقصان کی صرف اطلاع دینے کے لئے منسٹروں اور ڈپٹی منسٹروں کا تقرر ہوا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے - سلف سفیشنسی کی طرف ہم آگے نہیں بڑھ رہے ہیں بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ خلفشار اور بڑھ جائے گا - آج کل پرائسس (Prices) بھی بہت بڑھ گئے ہیں - فوڈ کنڈیشن (Food condition) خراب ہو گیا ہے - [illegible] وغیرہ کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں - نہ صرف مزدور بلکہ اوسط طبقے کے اور بڑے طبقے کے لوگ بھی مارکیٹ میں ضروری چیزیں کموڈیٹیز (Commodities) کرانہ وغیرہ [illegible] سکتے ہیں - کہا گیا ہے کہ گوداوری فلڈ (Godavari flood) کی وجہ سے ایسی [illegible] ہوا ہے - ان حالات کو دیکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ہم سلف سفیشنسی کی طرف نہیں [illegible] وہ بھی ڈیفیسٹ (Deficit)

کا سال رھیگا ۔ اس سال بھی بیداوار کے کم ھونے کا اندیشہ ھے ۔ فائیو ایر پلان اور تنگبھدرا پراجکٹ کے بارے میں راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں زوردار طریقہ پر بہت کچھ کہا ھے ۔ یہ بھی کہا گیا کہ قلت اور قحط کے حالات کو دور کرنے کے لئے راج پرمکھ نے چیف منسٹر صاحب کے کہنے پر ایڈ (Aid) دیا ھے اور امداد دس لاکھ روپیہ دی گئی ھے ۔ اس طرح کا کارنامہ شیلڈ (Shield) کے طور پر بتارھے ھیں ۔ رام گنڈم کی تعمیر سے متعلق بھی کہا گیا ھے لیکن یہ تو پاپولر منسٹری سے پہلے کا کارنامہ ھے ۔ تنگبھدرا پراجکٹ کے بارے میں کہا گیا کہ اس علاقے میں رہنے والے لوگ تری کاشت کے عادی نہیں ھیں اس لئے وھاں کی دولاکھ ایکڑ زمین کو زیرکاشت لانے میں مشکلات پیش آرھی ھیں ۔ معلوم نہیں کہ حکومت ان مشکلات کو دور کرنے میں کہاں تک کامیاب ھوگی ۔ جب وھاں کے لوگ تری کاشت کے عادی نہیں تھے تو تیری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسے مقام پر اررئ گیشن (Irrigation) پراجکٹ کی تعمیر کیوں ھوئی ؟ اس لئے ھم کہتے تھے کہ خشکی پر ڈرائی لیولنگ آف گراؤنڈ وغیرہ ایسے مسائل لائے ھوتے تو اچھا تھا ۔ اگر یہی کام مانیر ۔ نندی کنڈہ وغیرہ میں کیا جاتا تو ورنگل تک سارا علاقہ سیراب ھوسکتا تھا اور یہاں کے لوگ بھی اس کے عادی ھیں کہ تری کاشت کریں ۔ نلنگانہ کے لوگ تری کاشت کے عادی ھیں ۔ اس لئے یہ ممکن تھا کہ یہاں ایک سال نہیں پانچ مہینے میں کام شروع ھوجائے ۔ لیکن راج پرمکھ نے یہ نظریہ رکھا ھے کہ وھاں کے لوگ عادی نہیں ھیں تو ایسی صورت میں یہ مقصد کہاں تک کامیاب ھوگا میں نہیں سمجھ سکتا ۔

ھائیڈرو الکٹرک اسکیم (Hydro Electric Scheme) کے بارے میں بھی راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں کہا ھے ۔ یہ چیز بڑی شوبھا دیتی ھے لیکن مین ایڈیا (Main idea) کیا ھے نہیں بتایا گیا کہ کسطرح اوس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں ۔ وھاں کے لوگوں کی قابلیت کے بارے میں غور کرنا چاھئے تھا ۔ میں سمجھتا ھوں کہ مرھٹواڑی کو نظر انداز کیا گیا ھے ۔ وھاں کی اسکیموں پر عمل کیا جاتا تو اچھا ھوتا ۔ راج پرمکھ نے مرھٹواڑہ کے بارے میں جو سخاوت کی ھے اوسکا ذکر کیا گیا ھے کہ دس لاکھ روپیہ قحط کے حالات کو دور کرنے کیلئے انہوں نے دئے ھیں لیکن اگر ایسے سو دس لاکھ بھی وہ دیتے تومیں نہیں سمجھتا کہ وہ کوئی اپنے جیب خاص سے یا اپنی ول (Will) سے دے رھے ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ وہ اپنے پرانے کرموں کو دھونے کیلئے زیادہ سے زیادہ دیتے تو بہتر ھوتا ۔ انہوں نے دیا لیکن اتنی دیر سے دینا کچھ شوبھا نہیں دیتا ۔ ایسا شخص جسکا نام امیروں کی لسٹ میں نمبر ۲ پر ھو دس لاکھ نہیں دس کروڑ روپیہ بھی دے ۔ پچاس کروڑ روپیہ بھی دے بلکہ اپنی ساری دولت دیکر دست بردار ھوکر کسی ایک کونے میں ایشور اور خدا کے نام پر اپنی زندگی گزار دے تو اچھا ھے ۔ ویسی صورت میں میں دھنیواد دیتا لیکن یہ کیا کہ راج پرمکھ کے پاس چیف منسٹر جاتے ھیں ان سے ملتے ھیں اونکے ھاں چائے پیتے ھیں اور اون سے امداد طلب کرتے ھیں تو وہ اونکو منظور کرلیتے ھیں ۔

محصولات کے بارے میں بھی اڈریس میں کہا گیا ہے کہ حکومت کو ڈر ہے کہ محصولات عائد کئے بغیر حکومت آگے نہیں بڑھ سکیگی - صحیح ہے - کیسے آگے بڑھ سکیگی ؟ جہاں سولہ منسٹر ہوں اور ممکن ہے کہ آئندہ دو سال میں سولہ سے بڑھکر ۲۶ ہوجائیں - جب ایسے ضروریات پیش آتے رہیں ایسے اخراجات عائد ہوتے رہیں اور بجٹ ٹاپ ہیوی (Top heavy) ہوتا رہے تو یقیناً محاصل عائد کرنا ضروری ہوجائیگا - نئے نئے محاصل کو ڈھونڈھنا یقینی ہے اور فطری ہے - لیکن اسکے ساتھ ساتھ کس قسم کے نئے محصولات ہیں ظاہر کیا جاتا تو ہم اندازہ کرسکتے تھے کہ ایک کامن مین (Common man) کیلئے آیا وہ قابل ادائی ہیں یا نہیں - ایک کامن مین پر جو بیداوار کو زیادہ کرنے کی کوشش میں لگا ہوا ہو جو اپنے دیش کی حالت کو سدھارنے کی کوشش کررہا ہو اسپر ٹکسس عائد کئے جائینگے یا کیا معلوم نہ ہوسکا لیکن آپکا پنجہ تو بڑے لوگوں پر نہیں پڑیگا - آپ بڑے لوگوں پر ہاتھ نہیں ڈالینگے - ہمکو اسکا تجربہ ہے - ہم اپنے تجربہ کے لحاظ سے اسکا اندازہ کرتے ہیں کہ وہ ٹکسس بیداوار بڑھانے والے طبقہ پر ہی عائد کئے جائینگے - میں سمجھتا ہوں کہ محصولات کو بڑھا کر حکومت ایک نئی مصیبت اپنے پر لا رہی ہے -

It has become a greater organisation of the State.

ایسے محصولات کی بجائے کیاپیٹل لیوی (Capital levy) یعنی جائداد منقولہ اور جائداد غیر منقولہ اگر ایک لاکھ سے بڑھ جائے تو اتنی حد تک اور ۱۰ لاکھ تک اتنا مثلاً ۷۰ فیصد دینا پڑیگا - اسطرح پر کیاپٹل لیوی کے بارے میں منی بل ، ٹکزیشن بل آجاتے تو خود راج پرمکھ بھی اسمیں گٹھ جاتے - انکے چار سو کروڑ میں سے (۳۹۵) کروڑ حکومت کے پاس آجاتے - ہم حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں - ہم جو سجیشن پیش کرتے ہیں اون پر عمل نہیں کیا جاتا اور کانگریس پارٹی جو اوس طرف بیٹھی ہوئی ہے ہماری باتوں پر دھیان دینے کیلئے تیار نہیں ہے - لیکن آپکے سوچنے کا طریقہ دوسرا ہے - فریم ورک (Frame work) دوسرا ہے - نود فیصد ٹائیلنگ ماسس (Toiling masses) کو چھوڑ کر چھوٹے موٹے لوگوں کے بارے میں آپ کام کررہے ہیں - راج پرمکھ کہتے ہیں کہ ٹکسس کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے - یہ صحیح نہیں ہے - اس خیال کے تحت لوگوں میں سراسیمگی پیدا ہورہی ہے - تعلیمی اداروں کے بارے میں کہا گیا کہ

400 teachers are being sent to Karimnagar.

میں کہونگا کہ غیر ضروری طور پر دیہاتوں میں جہاں پڑھنے والے نہیں ہیں وہاں آپ تعلیمی اسکیموں کو پھیلا رہے ہیں - تو میں سمجھتا ہوں کہ

It is not a greater organisation, but it is becoming a disorganisation.

بالکل بے ترتیبی سے اندھا دھند راج چل رہا ہے - جنوری فبروری میں ٹیچرس کا مقرر ہوا اور مارچ میں اسکول بند ہوجاتے ہیں - بتائیے ایک مہینہ میں وہ کیا پڑھینگے - میں سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کے جاکر لڑکوں کو جمع کرنے تک چھٹیوں کا زمانہ آجائیگا - کریم نگر کیلئے چار سو ٹیچرس کا تقرر ہوا لیکن وہ اب تک نہیں گئے ہیں - انکو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ جانے کے بعد وہ کہاں بیٹھینگے - انکے آنے تک گرما کی تعطیلات آجائینگی - اسلئے میں کہونگا کہ یہ محض دکھاوا ہے - اسطرح تعلیم کی پالیسی کا قلع قمع کیا جارہا ہے. اور عوام کے سامنے ایک غلط مظاہرہ کیا جارہا ہے - ممکن ہے اسطرح کچھ لوگوں کو روزگار مہیا کرنے کا مقصد رکھتے ہیں - لیکن اس سے اصل مقصد جو ایجوکیشن کا ہے وہ کہاں پورا ہورہا ہے - کیا آپ کے پاس ایسی اسکیم ہے کہ جہاں لڑکے مدرسہ نہیں آتے وہاں انہیں اسکالرشپس (Scholarships) یا بونس (Bonus) دیگر کتابیں سلیٹ وغیرہ مہیا کرکے انکے ماں باپ پر ان بچوں کے کھانے وغیرہ کا بوجھ نہ ڈالتے ہوئے بچوں کو تعلیم دلائی جائے - کیا آپ ان بچوں کے والدین کو اسکی سکیورٹی (Security) دے سکتے ہیں -

An army of teachers has been sent to the rural areas; whether they have gone or not nobody knows, not even the Ministers and the new Education Minister, who has taken charge just now, how can he know?

تو یہ باتیں ہیں - ہمارے پاس تو ابھی بھی منسٹرس اور ڈپٹی منسٹرس کا رکروٹمنٹ (Recruit ment) ہورہا ہے - ایسی صورت میں بھلا وہ ٹیچرس جو صرف میٹریکولیٹ ہوتے ہیں اسٹیٹ کی بھلائی کے لئے کس حد تک سوچ سکتے ہیں - حالات کا کس حد تک جائزہ لے سکتے ہیں - یہاں تو اب بھی منسٹرس اور ڈپٹی منسٹرس کا رکروٹمنٹ ہورہا ہے - آنریبل فینانس منسٹر جو اپنے پورٹ فولیو (Portfolio) کے معلومات حاصل کرنے کے لئے کافی کشٹ اٹھا کر تجربہ حاصل کرتے ہیں انہیں وہاں رہنے نہیں دیا جاتا - انہیں لیجا کر پی - ڈبلیو - ڈی پر رکھدیا جاتا ہے - انہیں پی - ڈبلیو - ڈی کے معلومات حاصل کرنے کے لئے ۳ سال لگینگے - اور اس وقت وہ کام بھی نہوسکیگا - اس طرح منسٹرس آتے ہیں - ایک آدھ سال انہیں واقعات کو گراسپ (Grasp) کرنے میں ہی لگ جاتا ہے - وہ کچھ اقدام کرنا ہی چاہتے ہیں کہ انہیں دوسرا پورٹ فولیو دیدیا جاتا ہے - خیر یہ پانچ سال ختم ہونے پر وہ رہینگے یا نہیں اس کا تصفیہ تو الکٹوریٹس (Electorates) ہی کریں گے - لیکن اس مدت میں بھی اگر وہ جنتا کی کچھ کلیان کاری کرنا چاہیں بھی تو نہیں کرسکتے - یہ اڈیشن آف منسٹرس (Addition of Ministers) اور ڈلیشن آف منسٹرس (Deletion of Ministers) اسی طرح ہورہا ہے جس طرح ٹیننسی سرٹیفیکیٹس میں ہوتا رہا - اسی طرح یہاں بھی چیف منسٹر عمل کرنا چاہتے ہیں - ایسی باتیں کب تک چلتی رہینگی - ابھی تین سال رہگئے ہیں - ایک جوتشي نے تو کہا ہے کہ اس تین سال کی مدت میں اور تین مرتبہ اڈیشن اور [illegible]

منسٹری میں ہوتے رھینگے - اور سال سنه ۵۵ ع میں بی - رام کشن راؤ کی جگه دوسرے چیف منسٹر رھینگے - ان کا جوتش کہاں تک صحیح ہے میں نہیں کہه سکتا - البته یه بات صاف ہے که یه منسٹری بھی برقرار نہیں رهیگی - یه ایک اچھے جوتش هیں .. میں ان کا نا م بیان کرنا نہیں چاهتا - ابھی جو منسٹرس آئے هیں وہ پورے فائلس بھی نہیں دیکھ سکے هیں - وہ ابھی دیہات میں پہنچکر کوئی سوثرقدم اٹھا بھی نہیں سکتے - هم یه دیکھ رہے هیں که آج کانگریس کی حکومت اپنا هی گھر درست کرنے میں کافی جھگڑے محسوس کررهی هے - میں نہیں سمجھتا که پورٹ فولیو . . . . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اس کے بارے میں آپ کافی روشنی ڈال چکے هیں - اب آپ آگے کہئیے -

شری جی - سری راملو - راج پرمکھ نے اپنے خطبه میں فرمایا هے که اسٹیابل گورنمنٹ (Stable Government) هے - میں یه بتلارها هوں که گورنمنٹ ان اسٹیابل (Unstable) کتنی هے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - آپ آگے کہیئے -

شری جی - سری راملو - آپ کی مرضی -

"Stabilisation and progress of this Government.

کا جو خواب هے میں اس کو بے نقاب کرنا چاهتا هوں - یه اسٹیابلائیزیشن (Stabilisation) نہیں هے - میں کہوں گا که اس طرح تین سال تک بھی اسٹیابلائیزیشن کا کام نہیں هوسکتا - اگر حالات اسی طرح ایور چینجنگ (Everchanging) رهیں تو میں سمجھتا هوں که مجھے اس کے اظہار سے نہیں روکنا چاهئیے - میں یه بتلارها هوں که اس کی وجه سے خزانه پر کتنا اثر پڑا هے اور اس سے کتنا وقت ضائع هورها هے - هم نے آپ کے سامنے پروپوزلس (Proposals) پیش کئے - انکم سورسس (Income sources) بتلائے یه بتلایا که اسکولس کے لئے اس طرح کام هونا چاهیئے - ڈپٹی منسٹرس کی سیالریز اٹھانے میں تو آپ کا قدم بعجلت ممکنه اٹھتا هے اور آرڈیننس کے ذریعه سیالریز حاصل کی جاتی هیں - ممکن هے کل اسسٹنٹ منسٹرس رکھنا چاهیں تو اس کے لئے بھی اس طرح آرڈیننس پاس کرکے انہیں رکھ لیں - کیونکه راج پرمکھ تو آپ کے پیچھے هی کھڑے هیں - اپوزیشن اگر کچھ کہے تو اس کا تو کچھ اثر نہیں لیکن آپ کے دل میں

If there was a will, there would have been a way.

هماری بات کا تو کچھ اثر نہیں - همارے پروپوزلس تو ٹھکرا دئے جاتے هیں - آپ ڈپٹی منسٹرس لینا چاهتے هیں تو انہیں ایک آرڈیننس لاکر لے لیا جاتا هے - میں آپ کو بتلاتا هوں که ارادہ هو تو کیا کچھ نہیں کیا جاسکتا - ایک میونسپالٹیی میں جہاں سوشلسٹ پارٹی برسراقتدار هے اسنے اپنے الکٹوریٹ سے جو وعدہ کیا تھا اس کو کس طرح پورا کررهی

ہے۔ وہاں فینانس نہ ہونے کے باوجود بھی چندے لیکر لائیٹ پٹرومکس وغیرہ کا انتظام کیا جارہا ہے۔ اگر آپ کا کچھ آگے بڑھنے کا ول (Will) ہوتا تو آپ اس کے لئے لیجسلیشن لاتے ۔ اس طرح منسٹرس ڈپٹی منسٹرس اسپیکر ڈپٹی اسپیکر کے سیلریز ٹی ایز ڈی ایز کے بلز لا کر فیننانس پر بار ڈالنے کی بجائے جنتا کے فائدہ کے کاموں کے لئے بھی اسی تیزی سے اقدام کیا جاتا ۔

Speaker's Salary Amendment Bill, Ministers' Salaries Amendment Bill.

ہمارے سامنے آتے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ منسٹری اپنے گھریلو جھگڑوں ہی میں پھنسی ہوئی ہے۔ اس سے ہٹتی نہیں ۔ آپ ۹۶ آدمیوں میں ہر ۶ آدمی میں سے ایک کو منسٹری میں لیتے ہیں۔ یہ دیکھتے ہیں کہ اس ضلع کا منسٹر ہو یا اوس ضلع کا منسٹر ہو۔ خواہ کوئی بھی منسٹر ہو جو پالیسی بنیگی اسی کو دھیان میں رکھکر کام کریگا ۔ جو لیجسلیشن ہوتا ہے اسی پر عمل کریگا ۔ وہ ۱۶ ضلعوں کو پیش نظر رکھکر کام کریگا ۔ یہ دیکھنا کہ وہ رائچور کا ہے یا تلنگانہ کا ہے یا برہمن ہے یا نان برہمن اس طرح کے جو جھگڑے پیدا ہوتے ہیں انہیں دیکھکر ہمیں مایوسی ہوتی ہے ۔ جو کوئی منسٹر آتا ہے ۔

He is the Minister not for one District, but for all the sixteen Districts of Hyderabad State.

اس ڈھنگ سے جو باتیں ہوتی ہیں اس پر ہمیں رونا آتا ہے۔ اس طرح اگر دیکھا جائے تو میں نہیں سمجھتا کہ اسٹیٹ کی حالت بہتر ہوسکتی ہے ۔ اس طرح گھریلو جھگڑوں میں خزانہ پر بار ڈالا جارہا ہے ۔ اس سے کامیابی حاصل نہیں ہوسکتی ۔ چند صنعتی کارخانے بند ہو گئے ہیں ان کے بارے میں یہ کہا گیا کہ ہمارے پاس سرمایہ نہیں ہے ۔ ہم انہیں کس طرح کھول سکتے ہیں۔ میں یہ کہوں گا کہ جس طرح ان کی سیالریز کے لئے بجٹ نکالا گیا اسی طرح ایک ولفیر اسٹیٹ بنانے کے لئے مزدوروں کو مل اونرس کے کرتوت سے بچانے کے لئے ان کے روزگار کو برقرار رکھنے کے لئے حکومت کا فرض ہے کہ فوری اقدام کرے ۔ ویج بورڈ (Wage Board) کے بارے میں راج پرمکھ نے کہا کہ وہ سٹ اپ (Set up) ہوا ہے ۔ اس کے رکمنڈیشنس پر عمل ہوگا ۔

Wage Board has been set-up

سوشلسٹ پارٹی نے یہ مانگ کی ہے کہ اس کا فیصلہ ہونے تک عارضی طور پر ویجس میں اضافہ کیا جائے ۔ لیکن حکومت اس کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ آپ اپنے مقصد کے لئے تو فوری آرڈیننس پاس کر کے جو چاہے کر لیتے ہیں لیکن جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ویج بورڈ کا فیصلہ ہونے تک مزدوروں اور کسانوں کی بھلائی کے لئے عارضی طور پر اضافہ کیجئیے تو اس پر عمل نہیں کرسکتے اس سے صاف ظاہر ہوجاتا ہے ۔ تالہ بندی کے بارے میں راج پرمکھ نے کہا ہے ۔ میں اس پر روشنی ڈالنا نہیں چاہتا ۔ یہ معیوب چیز ہے ۔

پنچائتوں کے بارے میں انہوں نے کہا کہ

"They are not working satisfactorily"

یہ صحیح ہے - پنچائتوں کو جو ۱۵ فیصد رقم ملنی چاہیئے وہ نہیں پہنچتی - صفائی کے عملہ کو بعض مقامات پر ۱۲ مہینوں سے تنخواہیں نہیں ملی ہیں - جبتک کہ رورل (Rural) ڈھانچہ نہ بدلے یہ کامیاب نہیں ہوسکتا - وقتاً فوقتاً منسٹرس کو بھی اپنے دوروں میں ان کی جانچ کرنا چاہیئے - ہم جب کوئی ایجیٹیشن (Agitation) یا ریپریزنٹیشن (Representation) کرتے ہیں کہ فلاں پنچایت کمیٹی میں یہ بد عنوانی ہوئی ہے یا فلاں گرین بنک نے اس طرح غبن کیا ہے، فلاں ٹاکا نے یہ غلطی کی ہے تو اس کے بارے میں تو کچھ غور نہیں کیا جاتا - ڈپٹی منسٹرس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ عوام سے راست تعلق بڑھانے کے لئے انہیں اپائنٹ (Appoint) کیا گیا ہے - اگر عوام سے راست تعلق بڑھانا ہی تھا تو کیا اس کے لئے ہم سب نہیں ہیں یا کانگریس کے بھائی نہیں ہیں - وہ عوام کے مسائل کے بارے میں ریپریزنٹ کرسکتے ہیں - جو درخواستیں حکومت کے پاس پیش ہوتی ہیں ان کے بونافائیڈیز (Bona fides) بتلاسکتے ہیں - ساڑھے سات سو روپیہ تنخواہ والے آٹھ ڈپٹی منسٹرس ہی اس کے لئے کیا ضروری ہیں - اگر ایم - ایل - ایز کو

Deputy Ministers without salaries.

تصور کیا جاتا تو کیا عوام سے تعلقات میں قربت حاصل نہیں ہوسکتی - اگر حکومت عوام سے تعلق پیدا کرنے کی نیت سے ڈپٹی منسٹرس کو لیتی ہے تو

That would mean that the Government is aware of grievances and they would try to redress them.

اگر آپ عوام سے ربط پیدا کرنا چاہتے تو اس کے لئے سیالریزی پرسنل (Salary personnel) گزیٹیڈ آفیسرس کی طرح رکھنے کی کیا ضرورت تھی - ایم - ایل - ایز یا کانگریس کے عہدہ دار ہیں ان سے آپ مدد لیتے - اس سے

Three-fourths of the work would have been over and there would have been no need for salaried Deputy Ministers.

ڈپٹی منسٹرس وتھ آوٹ سیالریز تصور کیا جائے اور وہ مسائل بھی حل کرتے تو میں سمجھتا کہ اس طرح کنٹاکٹ (Contact) پیدا کیا جارہا ہے - اگر ڈپٹی منسٹرس وتھ سیالریز آرڈنری (Ordinary) کام بھی نہیں کرتے تو عوامی کنٹاکٹ و نٹاکٹ کی باتیں ہی باتیں ہیں - اس سے البتہ ڈٹاچمنٹ (Detachment) ہوجاتا ہے - یہ ڈٹاچمنٹ ہوتا رہتا ہے اور آئیندہ ہوگا اور اس قدر بحران پیدا ہوگا کہ اس کے بعد جو الکشنس آئینگے وہ اس کا خواب بھی نہیں دیکھ سکینگے - گریونسس (Grievances) پر جس طریقہ سے غور کرنا ہے وہ ڈپٹی منسٹرس وتھ سیالریز غور نہیں کرپیں گے -

اسی طرح پنچایت کے بارے میں

They are not functioning satisfactorily.

اس کے بارے میں یہ نہیں کہتے کہ یہ اقدامات ہم کر رہے ہیں۔ لوگوں کوایجوکیٹ (Educate) کرنے کے لئے پنچایت افیسر کچھ نہیں کریگا بلکہ جو کچھ کار نامہ بنایا گیا ہے وہ باتیں ہی باتیں ہیں وہ یہاں رپورٹ کے طور پر رکھا گیا ہے۔ حکومت کی پالسی اور کسی ٹھوس کام کی وضاحت نہیں کی گئی۔ صرف ایک فنکشن کرنا ہے۔ راج پرمکھ کے اڈریس کا فنکشن کرنا ہے اس لئے وہ اڈریس ہوا۔ لیجسلیچر کا اناگوریشن (Inauguration) ہوا۔ لیکن یہ کوئی قابل ذکر کارنامہ نہیں ہے۔ اگر یہ کہا جاتا کہ کانگریس حکومت کی طرف سے آزادی آنے کے بعد آج جمعہ کی تعطیل کے بجائے اتوار کو تعطیل دیجارہی ہے۔ بہت اچھا۔ وہ ٹھوس کام ہے! اس کا ذکر میں بھی کرسکتا ہوں۔ ایسے ہی اردو زبان کو نکال کر علاقہ واری زبان کو ترجیح دینا یہ بھی کام ہے۔ یکم جنوری اور ۲۶ جنوری کو جھنڈے لگانا اور ہریجنوں اور لڑکوں کو مٹھائی وغیرہ کھلانے کی باتیں برابر جاری ہیں۔ عدالتوں میں بھی تلگوزبان کے لئے اور چند مدارس کھولنے کے چھوٹے موٹے کام ضرور کئے گئے ہیں تو اس کے لئے تو ہم تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ کوئی خاص کام نہ تھے۔ اس لئے راج پرمکھ کو کہنے کی ضرورت پیش نہ آئی۔ اتنا کہتے ہوے میں یہ خواہش کروں گا کہ اڈریس میں. جو باتیں نہیں ہیں۔ ان کی وضاحت کی جائے اور میرا جو امنڈمنٹ ہے اس کو قبول کیا جائے۔

श्री. लिंबाजी मुक्ताजी पानसंबळ (मांजलेगांव).—अध्यक्ष महोदय, अब तक जो टीका हुअी है वह बिल्कुल अेकांगी है, वह रास्त टीका नहीं है। रास्त टीका अुसी वक्त हो सकती है जब कि टीका करनेवाले तीन बातों का ख्याल रखें। अेक तो यह कि पूर्व परिस्थिति क्या थी? अुसको सुधारने के लिये हुकूमत ने क्या कोशिश की? और भविष्यकालीन बातों को दृष्टि में रखकर किस तरह के सुधार करने की आवश्यकता है? जिन चीजों को ख्याल में रखकर टीकाकारों को अपनी आवाज बढानी चाहिये। लेकिन अब तक जो टीका की गअी अुसमें सिर्फ न्यूनता ही बतलाअी गअी। न्यूनता दिखाना भी टीका का अेक अंग है लेकिन वह पूर्णावस्था का नहीं है। मैं तो कहता हूं कि अब तक जितनी कमियां बताअी गअी है वह तो बहुत कम है, बहुत ज्यादा सुधार होने की आवश्यकता है। लेकिन कमियां बताते वक्त अब तक जो सुधार किया गया है अुसको भी नजरअंदाज नहीं करना चाहिये। पूर्व परिस्थिति क्या थी और अुसको सुधारने में आज की हुकूमत ने कितना हाथ बंटाया है अुस पर हमें सोचना चाहिये। किसी किसान को पडित जमीन दी जाय तो फौरन अुसमें पैदावार नहीं होती. पैदावार बढाने के लिये अुसको कअी किस्म से कोशिश करनी पडती है। खेती मिलते ही अुसके पेट के लिये वहां अनाज नहीं मिलता। खेत में पडी हुअी बेकार लकडी अुसको अुठाकर अलग रखनी पडती है, पानी जो बहकर जाता है अुसको रोकना पडता है। कष्ट करते करते अुसके नाके नव आ जाते हैं। जब अैसी दिक्कतों का अुसे सामना करना पडता है। तो वह समझने लगता है कि जिसके बजाय मेरी मजदूरी ही ठीक थी। लेकिन सच्चा किसान

जानता हूं कि पहले अिस तरह के परिश्रम करने ही पडते हैं। हमको यह जानना चाहिये कि हैदराबाद का राज्य जब जनता के हाथ में मिला तो क्या वह हरेभरे खेत के समान अच्छी हालत में मिला है? जब दिक्कतें सामने आ रही हैं तो आज भी कुछ लोग यहां तक कहते हैं कि पहले का राज ही ठीक था। लेकिन वह अुसी हद तक ठीक है जिस हद तक अल्प ज्ञान रखनेवाला किसान कहता है कि मेरा मजदूरी का धंधा ही ठीक था। त्रुटियों के साथ साथ हमें आगे बढनेमें अुत्साहित होने के लिये यह भी देखना चाहिये कि आज तक हमने क्या क्या सुधार किये हैं। तभी वह टीका रास्त हो सकती है। शिक्षा के बारे में यहां टीका की गअी। कुछ हद तक वह सही है यह मैं मानता हूं। मैं भी देहातों में घूमा हूं. और देखा हूं। बहुत सी जगहों पर स्कूल्स हैं, मास्टर हैं लेकिन बच्चे कम हैं, कहीं बच्चे ज्यादा हैं लेकिन मास्टर कम हैं। लेकिन अिसके पहले की हालत क्या थी? पहले तो अितने स्कूल्स ही नहीं थे। आपने बताया कि चार सौ टीचर्स नियुक्त किये गये। अिससे आप खुद बता रहे हैं कि गवर्नमेंट शिक्षा प्रसार के लिये बहुत कोशिश कर रही है। न्यूनता है लेकिन अुसको हटाने की जरूरत है। कौन नहीं कहता कि अुसको हटाना नहीं चाहिये लेकिन अुसको किस तरह से हटाना चाहिये यह कोअी नहीं बताता। स्कूलों में बच्चे नहीं आते तो क्या वह गवर्नमेंट की गलती है? हमारा और आपका यह कर्तव्य होता है कि हम देहातों में जाकर लोगों को शिक्षा का महत्व समझायें और अुनको अपने बच्चे स्कूलों में भेजने के लिये मजबूर करें। लेकिन हम देखते हैं कि जब गवर्नमेंट कोअी अच्छा काम करने जाती है तो हम सोचते हैं कि अुसमें आडे पांव किस तरह से डाले जायं? क्या यह हुकूमत को मदद पहुंचाने का तरीका हो सकता है? क्या अुसकी अडचनों से फायदा अुठाने की कोशिश करना सही है? बच्चे स्कूल में नहीं भेजे जाते तो हमें अुन ग्रामीण लोगोंको समझाना चाहिये कि स्कूलों के लिये और मास्टरों के लिये जो पैसा खर्च होता है वह अुनका पैसा है। बच्चे स्कूलों में क्यों नहीं जाते अुसका कारण भी मैं जानता हूं। अुनकी दरिद्रावस्था अुसके लिये कारण है। लेकिन अुनकी कठिनाअियों को कम करने की हमें कोशिश करनी चाहिये। जब तक हम गवर्नमेंट की मदद करने की कोशिश नहीं करते तब तक अिस तरह की टीका अेकांगी ही नहीं विघातक भी है। अेक कमीज को अगर छेद गिरा है तो अुसमें अुंगली डाल कर अुसको और ज्यादा फाडने की कोशिश न करते हुअे अुसको जल्दी सिलाने के लिये अिमदाद देनी चाहिये। जब तक सब पक्षोपक्ष गवर्नमेंट की दिक्कतों को दूर करने में दिल से मदद नहीं करते तब अैसी टीका बेकार साबित होगी। टीका जरूर होनी चाहिये—घोडे को लगाम डालने की जरूरत होती है। वह अिसलिये नहीं कि लगाम खींच कर अुसको चलने ही न दिया जाय बल्कि अिसलिये कि वह ठीक रास्ते से चलता रहे। सब बातों का ख्याल करते हुअे टीका की जाय तो आपकी टीका से गवर्नमेंट फायदा अुठा सकती है। दुनिया में अैसी कोअी गवर्नमेंट नहीं है जो सब बातें बिना गलती के अच्छी तरह से कर सकती है। अैसा होता तो कोअी सुधार करने की आवश्यकता ही महसूस नहीं होती। बार बार कहा गया कि अब तक मंत्रि मंडल में दो बार तबदीली हुअी। यह होना स्वाभाविक है। [illegible] अनुभव नहीं है। घोडे पर बैठनेवाला आदमी नया है, वह तो [illegible] गिरते ही वह पक्का होता है। अिन सारी बातों का आपको [illegible] की टीका हवा में बाजा बजाने के जैसी होती है। [illegible] किये तो क्या

कोअी गलती की ? अुसी तरह से टेनन्सी बिल पर भी टीका की गअी। लेकिन अिस टेनन्सी अॅक्ट पर टीका करते हुअे हम अेक बात को भूल जाते हैं कि अिस अॅक्ट को किस अुद्देश से बनाया गया है। अुद्देश को छोड कर हम टीका करेंगे तो जिस रास्ते से जाना है अुसको छोड कर दूसरे ही रास्ते से जाने की बात हो जाती है। अुसका अुद्देश आज जमीन का बंटवारा करने का नहीं है। टीकाकार कहते हैं कि कसनेवाले को जमीन मिलनी चाहिये तो अुसका मतलब यह हो जाता है कि न कसनेवाले के पास जमीन नहीं रखनी चाहिये। हमारा अनुभव है कि देहातों में बहुत से लोग अैसे हैं जिनके पास खेती कम होने की वजह से वह खेती नहीं कर सकते। बहुत सी कठिनाअियां अुनके सामने आती हैं। बहुत वेसे लोग अैसे हैं जिनके पास चालीस या पचास अेकड जमीन है वे खुद कास्त नहीं करते लेकिन अुन्होंने दूसरों को जमीन दी है। अिसीलिये यह कहा गया है कि, जिनके पास अेक फॅमिली होल्डिंग से कम जमीन है अुसकी जमीन पर कोअी कौलदार नहीं होना चाहिये। अगर हो तो अुसको बेदखल कर सकते हैं। जो छोटी जमीन रखते हैं और जो खुद कास्त नहीं कर सकते अुनके पास अगर जमीन रखी जाय तो क्या अुससे पैदावार बढनेवाली है ? अिसलिये हुकूमत के सामने जे कठिनाअियां हैं अुनका भी आप ख्याल रखिये। खेती करनेवाले के पास जमीन रखनी चाहिये यह सब जानते हैं। लेकिन नीचे की पायरी से अूपर की पायरी पर चढने के लिये हमारे पास ताकत होनी चाहिये नहीं तो हम गिर जायेंगे ओर हमारे हाथ पांव टूट जायेंगे। भूखे को रोटी देने का ख्याल रखना चाहिये लेकिन जो दस बारा दिनसे भूखा न अुसको अगर हम खूब रोटी खिलायेंगे तो वह जिंदा रहने के बजाय मर जायगा। अुसकी पचन शक्ति कितनी है अुसको देखकर खाना खिलाना चाहिये। हमें कानून भी अैसा बनाना चाहिये जिसका शांतता के साथ अमल किया जा सकता है। अैसा कानून हमें नहीं बनाना चाहिये जिससे अशांतता पैदा हो जाय। हर कानून के बनाते वक्त गवर्नमेंट को अिस बात का ख्याल रखना पडता है कि अुस कानून का शांतता के साथ कैसे अमल किया जा सकेगा। अिस दृष्टि से अिस कानून की तरफ देखते हैं तो हमें मालूम होता है कि आज जनता कुछ हद तक संतुष्ट है। वह सोचती है कि सब को थाडा थोडा मिला है, किसी का कोअी खास नुकसान नहीं हुआ है। कसनेवाले की खेती यह हमारा रास्ता है और अुस पर हम चल रहे हैं। हम अपने ध्येय तक पहुंच गये हैं यह मेरा कहना नहीं है लेकिन हम वहां तक जाने की कोशिश कर रहे हैं। पूर्व परिस्थिति क्या थी ? पहले कितने बडे बडे जमीनदार थे जिनके पास तीन फॅमिली होल्डिंग से ज्यादा जमीन रह सकती थी। अुनकी जमीन कम करने की कोशिश अिस कानुन में की गअी है।

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR.]

लोकल बॉडीज के बारे में भी बहुत से लोगों ने टीका की। लेकिन वह भी अेकांगी है। गवर्नमेंट क्या नहीं कर सकी यही सिर्फ अुन्होंने बताया। वह क्यों नहीं कर सकी और जितना किया है वह कितना किया है, अुसके पहले क्या अवस्था थी अिसका हम ख्याल नहीं करते तो हम गलती करते हैं अेक हाथ से कभी ताली नही बजती। आप अेकांगी टीका कर के हवा में सिर्फ अेक लहर पैदा करना चाहते हैं। यह सही नहीं है। जनता आज कितना मांगती है अुसको देखने की जरूरत है। जनता की आवाज को भी हमें सुनना चाहिये। सिर्फ हम ही अुनको सुनाते रहेंगे तो अुससे कोअी फायदा नहीं

होगा । मैं पूछना चाहता हूं कि क्या ग्रामपंचायतें अिसके पहले कभी हमारे स्टेट में थीं । वह अब
बनाअी गअी हैं । हुकूमत ने अुनको कुछ अिमदाद दी । ज्यादा अिमदाद देने के लिये गव्हर्नमेंट के पास
पैसा नहीं था, बैलन्स (Balance) नहीं था । बैलन्स हो कर भी अगर अिमदाद
नहीं दी जाती तो वह बडी गलती होती । अैसा होता तो आपकी टीका रास्त थी । आप कहते है कि
छोटे छोटे अिरीगेशन के काम होने चाहिये, शिक्षा का प्रसार होना चाहिये । लेकिन यह नही हो सका
क्योंकि गव्हर्नमेंट के पास अितना पैसा खजानेमे नहीं है यह बात आप पर्याय रूपसे यहां बता रहे हैं ।
ग्राम पंचायतों का काम किस तरह से आगे बढाया जा सकता है अिसके बारे में आपको कुछ कन्स्ट्र-
क्टिव्ह सजेशन्स (Constructive suggestions) देने चाहिये । मैं आशा
करता हूं कि आगे चल कर जब कभी आप गव्हर्नमेंट के कार्यों पर टीका करेंगे तब पूर्व परिस्थिति
क्या थी अुसमें हुकूमत ने क्या सुधार किये और आगे चल कर क्या सुधार करने की जरूरत है और
वह किस तरह से करने की जरूरत है, अिन सब बातों का आप विचार करेंगे । अिन बातों का ख्याल
न करते हुअे आप टीका करेंगे तो आपकी टीका अेकांगी होगी ।

شری عبد الرحمن (ملک پیٹھ) مسٹر اسپیکر سر - راج پرمکھ کے اڈریس پر شکریہ ادا کرنے والوں سے میں دوچار باتیں عرض کرنا چاھتا ھوں - میں گذشتہ سال کے قبل کے واقعات کا ھرگز تذکرہ نہیں کروں گا - اس لئے کہ اس وقت اس کا محل ھے نہ موقع - گزشتہ سال ھی ھمنے ان چیزوں کو پیش کیا تھا - گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں حکومت نے کیا کیا کیا جس کے نتیجہ کے طور پر راج پرمکھ نے اوس کارنامہ و پالیسی کو ایوان کے سامنے رکھا اور وہ شکریہ کے مستحق قرار پارہے ھیں - میں اس سلسلہ میں صرف دوچار چیزیں ھی عرض کروں گا - کیونکہ تفصیلی باتیں تو بہت سے دوستوں نے کہی ھیں - اور آئندہ بھی کی جائینگی - مثال کے طور پر میں محکمہ رسد کو لیتا ھوں - گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں محکمہ رسد نے ڈی کنٹرول (Decontrol) کی پالیسی کے نام سے سیکڑوں اور **ھزاروں** ملازمین کو بیروزگار بنادیا - اگر اسی کے لئے راج پرمکھ کے اڈریس پر شکریہ ادا کرنا ھوتو کیجئے - اس پالیسی کے نتیجہ کے طور پر نہ صرف ملازمین بیروزگار ھورھے ھیں بلکہ اجناس خوردنی اور دیگر کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں بھی دن بہ دن اضافہ ھوتا جارھاھے - اس کے لئے اگر آپ شکریہ ادا کرنا چاھتے ھیں تو کیجئے گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں یہ نعمتیں آپ نے عوام کو دی ھیں - محکمہ تعلیمات کو لیجئے - محکمہ تعلیمات نے ایک اچھا اقدام کیا ھے - اس حدتک میں حکومت کو مبارکباد دیتا ھوں - بہت سے تحتانی مدارس کئی دیہات میں قائم کئے گئے ھیں - میری معلومات کی حدتک ھر چھوٹے بڑے موضع میں ایسے مدارس قائم ھوئے ھیں - لیکن ان مدرسوں کی کارکردگی کو حکومت نے اس طرح خراب کردیا ھے کہ وھاں انٹرینڈ (Untrained) کی اور انکوالیفائڈ (Unqualified) افراد کو بھیجدیا - اس سررشتہ میں جو ٹرینڈ اور کوالیفائیڈ ٹیچرس تھے اون کو قبل از وقت علحدہ کر دیا گیا - میرا اشارہ صرف اون مدرسین ھی کی طرف نہیں ھے جن کو زباندانی کے سلسلہ میں علحدہ

کردیا گیا ۔ بلکہ دوسرے ٹیچرس کی طرف بھی ہے جنہوں نے زباندانی کے اور دیگر امتحانات پاس کرلئے تھے ۔ وہ جو تجربہ کار اور اچھی طرح واقف تھے ۔ لیکن حکومت نے ایک غلط پالیسی اختیار کرکے ایسے تین سو مدرسین کو قبل از وقت وظیفہ پر علحدہ کردیا اور ان کے تجربہ سے ہمارے نونہالوں کو مستفید ہونے سے محروم کردیا گیا ۔ اس کے بعد حکومت مقامی کو لیجئے ۔ حکومت مقامی کے تعلق سے میں ان تفصیلات میں نہیں جاؤں گا کہ حکومت مقامی نے کیا کیا کارنامے اس عرصہ میں عوام کے سامنے رکھے ہیں ۔ صرف ایک چیز کہنا چاہتا ہوں جو گزشتہ سشن کے وقت بھی تحریک التوا کی شکل میں پیش کیا تھا کہ گزشتہ ڈسمبر کے مہینے میں حکومت نے مکانوں کے کرایہ میں اضافہ کردیا ۔ یہ ایسے مکانات ہیں جس کی لاگت سے زیادہ حکومت نے قیمت وصول کرلی ۔ سیٹھ ساہوکار بھی جتنی قیمت وصول نہیں کرتے اوتنی قیمت وصول کرلی گئی ۔ اس کے باوجود حکومت کی حریص پالیسی ہے کہ پچاس فیصد ۔ سوفیصد بلکہ بعض صورتوں میں اس سے بھی زیادہ کرایہ کردیا گیا ۔ جس کے نتیجہ کے طور پر پانچ ہزار مکاندار پریشان ہوگئے ہیں ۔ گر حکومت کا یہی کار نامہ ہے اور اگر راج پرمکھ کا اڈریس ان ہی چیزوں کی وجہ سے شکریہ کا مستحق ہے تو یقیناً شکریہ ادا کیا جائے ۔ اس کے بعد محکمہ پولیس کو لیجئے ۔ گزشتہ سال کے مقابلہ میں بالخصوص اس سال زیادہ قتل چوریاں اور ڈاکے ہوے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ خود پولیس ڈپارٹمنٹ اس کی تردید نہیں کرسکتا کہ ان کی تعداد گزشتہ بلکہ پیوستہ سال سے بھی زیادہ ہوگئی ہے ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے انسداد کی کوشش نہیں کی گئی ۔ جتنے بھی قتل اور ڈاکے ہوتے ہیں اوس سلسلہ میں سیاسی مخالفین اور مختلف جماعتوں کے ارکان کو گرفتار کیا جاتا ہے ۔ اصل مرتکبین جرم کو تو حکومت ہاتھ لگانا نہیں چاہتی ۔ یا اس کے کارکن اتنے نااہل ہیں کہ اصل مرتکبین جرم کا پتہ نہیں لگا سکتے ۔ بلکہ مختلف جماعتوں کے کارکنوں کو ان الزامات میں گرفتار کرلیا جاتا ہے ۔ گو ہماری عدالتیں احتیاط سے فیصلے کیا کرتی ہے ہیں ۔ چنا نچہ انہوں نے کئی ایسے مقدمات کو ختم کردیا ۔ محکمہ پولیس نے ایک بہت اچھا کام اس سال کیا ہے کہ سیکل بغیر قندیل کے جارہی ہو تو گرفتار کرلیا جائے اور فوجداری بلدہ میں پانچ روپیہ جرمانہ وصول کیا جائے ۔ اس طرح روزانہ سیکڑوں روپیہ سیکل سواروں سے حاصل کئے جارہے ہیں ۔

رکشاران جو صبح سے شام تک مزدوری کرتے ہیں انہیں بدبختی سے ڈیڑھ دو روپیہ مزدوری ملتی ہے لیکن اگر وہ دو آدمی کو بٹھا کر نکلتا ہے تو اسکو گرفتار کرلیا جاتا ہے اور بڑی مقدار میں جرمانہ کردیا جاتا ہے ۔ حکومت کی اس فاشن اور عوام دشمن سرگرمیوں کے بارے میں کئی مرتبہ اخبارات میں مضامین آئے ۔ اخبارات نے ایڈیٹوریل لکھے تو ان پر بھی طرح طرح کی پابندیاں عائد کیجاتی ہیں کہیں اون سے ضمانت طلب کیجاتی ہے اور کہیں ضمانتیں ضبط کیجاتی ہیں اور ان پر مقدمات چلائے جاتے ہیں ۔ اسطرح صحافت کا گلا گھونٹنے کی کوشش کیجاتی ہے ۔ اخبارات پر مقدمات پولس ایکشن سے پہلے کی نظام شاہی میں بھی نہیں چلائے گئے حالانکہ وہ ایک شخصی اقتدار کا دور تھا اور اوس زمانے

میں سن سانی کارروائیاں کیجاسکتی تھیں لیکن اوس زمانے میں بھی ایسا عمل نہیں ھوا۔ اخبارات اور صحافت پر ھاتھ ڈالنے کی اوس زمانے میں ایسی کوششیں نہیں کی گئیں - حالانکہ اخبارات اوس زمانے میں جرات کے ساتھ لکھا کرتے تھے لیکن اوس نظام شاھی کے زمانے میں بھی اون پر مقدمات چلانے کی کوشش نہیں کیگئی . . .

श्री. शेषराव वाघमारे:—अुस वक्त मुकदमात नहीं चलाये जाते थे, वल्कि अखबारात बंद किये जाते थे ।

شری عبدالرحمن - جہاں تک مجھے یاد ھے صرف اخبار رہبر دکن سے ضمانت طلب کرنے کا حکم دیا گیا تھا لیکن بعد میں وہ حکم بھی واپس لے لیا گیا تھا - لیکن کسی عدالت میں اخبارات پر مقدمے چلاتے ھوے میں نے نہیں دیکھا - پولس ایکشن کے بعد ملٹری گورنر کا دور آیا وہ ایسا زمانہ تھا کہ ھم خود آپے سے باھر ھوگئے تھے اسکے باوجود اوس حکومت نے بھی ایسے رکیک حرکات نہیں کئے لیکن آج کی حکومت ایسے حرکات کررھی ھے - یہ عوامی حکومت کا کارنامہ ھے کہ صحافت کا گلا گھونٹا جائے اور یہ اس حکومت کا زرین کارنامہ ھے - محض اپنی تنگ نظری کو چھپانے کیلئے قانون کا سہارا لیکر مقدمات دائر کئے جارہے ھیں - ان تمام باتوں کی موجودگی میں یہ کہا جاتا ھے کہ اڈریس پر قرارداد تشکر پاس کیجائے - دیگر امور پر میں اوس وقت روشنی ڈالونگا جب میں اپنے امنڈمنٹ کے سلسلہ میں تقریر کرونگا -

Mr. Speaker : As no hon. Member is rising in his seat may I take it for granted that the general discussion is over.

The House then adjourned till three of the Clock on Wednesday, the 24th February, 1954.